ریونت ریڈی کے سیاسی سفر کو 20 سال مکمل

تلنگانہ کے وزیراعلی ریونت ریڈی نے اپنی سیاسی زندگی کے 20 سال مکمل ہونے پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (X) پر ایک جذباتی پیغام جاری کرتے ہوئے اپنے دو دہائیوں پر محیط عوامی سفر کو یاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سفر کئی اتار چڑھاؤ، چیلنجز اور جدوجہد سے بھرپور رہا، لیکن عوام، کارکنوں اور ساتھیوں کی مسلسل حمایت نے انہیں ہر مرحلے پر حوصلہ دیا۔ وزیراعلی نے اپنے پیغام میں ان تمام افراد کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مختلف حالات میں ان کا ساتھ دیا اور ان پر اعتماد کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت ہی ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ہے اور وہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ ریاست کی ترقی کے لیے کام کرتے رہیں گے۔ اسی سلسلے میں وزیراعلی ریونت ریڈی آج ناگرکرنول اور محبوب نگر اضلاع کے دورے پر رہیں گے۔ وہ Medchal میں اپنے 20 سالہ سیاسی سفر کی تکمیل کے موقع پر منعقد ہونے والے اظہارِ تشکر کے جلسے سے خطاب کریں گے، جہاں بڑی تعداد میں کارکنوں اور عوام کی شرکت متوقع ہے۔ دورے کے دوران وزیراعلی مختلف ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ ان منصوبوں کا مقصد بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کرنا ہے۔ ریونت ریڈی اپنے دورے کا آغاز ناگرکرنول ضلع کے ارکونڈا منڈل کے ارکونڈا پیٹ گاں سے کریں گے، جہاں وہ ایک مندر میں خصوصی پوجا میں شرکت کریں گے اور مندر کی توسیع و ترقی سے متعلق منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اس موقع پر وہ مندر کے احاطے میں مقامی عوامی نمائندوں اور پارٹی رہنماں سے ملاقات بھی کریں گے اور مختلف عوامی پروگراموں میں حصہ لیں گے۔ واضح رہے کہ ریونت ریڈی نے 4 جولائی 2006 کو Medchal سے زیڈ پی ٹی سی (ZPTC) رکن منتخب ہو کر اپنی انتخابی سیاست کا آغاز کیا تھا۔ اسی کامیابی کو ان کے سیاسی سفر کا نقطہ آغاز سمجھا جاتا ہے، جس کے بعد انہوں نے ریاستی سیاست میں نمایاں مقام حاصل کیا اور آج تلنگانہ کے وزیراعلی کے عہدے پر فائز ہیں۔ ان کا یہ دورہ نہ صرف ان کی سیاسی جدوجہد کے 20 برس مکمل ہونے کی علامت ہے بلکہ عوام سے رابطے اور ریاست کی ترقی کے عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

راجستھان ریفائنری ہندوستان کی توانائی کی خود انحصاری کو فروغ دے گی

نئی دہلی، 4 جولائی (ایم این این) مرکزی پٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے راجستھان کے پچ پدرا میں ہندوستان کے پہلے اسٹینڈ اسٹون گرین فیلڈ ریفائنری - کم-پیٹرو کیمیکل کمپلیکس کا افتتاح کیا جسے وزیراعظم نریندر مودی نے توانائی کی خود انحصاری کی طرف ملک کے سفر میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں، وزیر نے کہا کہ ریفائنری شروع سے ہی تقریبا 26 فیصد پیٹرو کیمیکل مصنوعات تیار کریگی اور اس کا نیلسن کمپلیکسٹی انڈیکس 17 ہے، جو اسے ملک کی جدید ترین اور توانائی کی بچت کرنے والی ریفائنگ سہولیات میں سے ایک بنائے گا۔ پوری نے کہا کہ اس کمپلیکس میں دنیا کا سب سے بڑا پولی پروپیلین یونٹ اور پولی تھیلین سوئنگ یونٹ ہوگا جو 30 سے زیادہ درجے کے پولیمر تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

تلنگانہ کے ڈی جی پی کا ٹیکنالوجی کے استعمال اور عوامی پولیسنگ پر زور

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) تلنگانہ کے ڈائریکٹر جنرل آف پولیس سی وی آنند نے جمعہ کے روز ریاست بھر کے پولیس افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کرتے ہوئے "عوامی مرکز پولیسنگ کو مزید مضبوط بنائیں، گشت اور عوامی رسائی میں اضافہ کریں۔ ریاستی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں یونٹ افسران اور اسٹیشن ہاس افسران کے ساتھ ایک اعلی سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے، ڈی جی پی نے پولیس کے اہم اقدامات کا جائزہ لیا۔ اس اجلاس میں کرائم اینڈ کریمنل ٹریکنگ نیٹ ورک اینڈ سسٹم، سائبر کرائم کی تحقیقات، منشیات کے خاتمے، روڈ سیفٹی، جرائم کی روک تھام اور تھانوں کے معائنے جیسے امور پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ڈی جی پی سی وی آنند نے واضح ہدایات دیں کہ افسران اپنے کیمپ دفاتر کے بجائے باقاعدہ سرکاری دفاتر سے کام کریں اور تھانوں میں عوام سے ملاقات کے لیے مقررہ اوقات کی سختی سے پابندی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے پولیس اہلکاروں کو سخت وارننگ دی کہ وہ سول تنازعات، بالخصوص زمین سے جڑے معاملات میں بلاوجہ مداخلت نہ کریں، اور سوشل میڈیا پر پھیلنے والی افواہوں اور غلط معلومات پر گہری نظر رکھیں۔

کے ٹی آر کا ریونت ریڈی کو کھلا خط

پولیس کانسٹیبل کے 20,000 خالی عہدوں کو فوری بھرنے کا مطالبہ

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) بھارت راشٹرا سمیتی کے ورکنگ پریزیڈنٹ کے ٹی آر نے تلنگانہ کے وزیراعلی اے ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا ہے۔ اس خط میں انہوں نے ریاست میں پولیس کانسٹیبل کے 20,000 خالی عہدوں کو فوری طور پر پر کرنے کا پرزور مطالبہ کیا ہے، اور کانگریس حکومت پر بے روزگار نوجوانوں سے کیے گئے وعدوں کو پورا نہ کرنے کا سنگین الزام لگایا ہے۔ ریاست بھر کے پولیس کانسٹیبل امیدواروں کی نمائندگی کرتے ہوئے، کے ٹی آر نے کہا کہ زیادہ تر امیدواروں کا تعلق غریب، متوسط طبقے اور دیہی خاندانوں سے ہے، جو انتہائی مشکل حالات میں حیدرآباد کے اندر ان بھرتی امتحانات کی تیاری کر رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ ان نوجوانوں کی امیدوں کو پامال نہ کرے۔ کے ٹی آر نے یاد دلایا کہ "پانی، فنڈز اور بھرتیاں تلنگانہ تحریک کا بنیادی نعرہ تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے خود تقریبا 17,000 خالی اسامیوں کی موجودگی کا اعتراف کرنے کے باوجود، پولیس بھرتیوں میں تاخیر کر کے نوجوانوں کے ساتھ شدید ناانصافی کی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلی اور دیگر وزرا نے بار بار ہزاروں پولیس پوسٹیں بھرنے کا وعدہ کیا لیکن عملی طور پر کچھ نہیں کیا۔ سابقہ بی آر ایس حکومت کی کارکردگی کا موازنہ کرتے ہوئے انہوں نے دعوی کیا بی آر ایس کے دورِ حکومت میں پولیس کے شعبے میں 47,000 بھرتیاں کی گئیں اور مجموعی طور پر 2.32 لاکھ سرکاری عہدوں کیلئے نوٹیفکیشن جاری کیے گئے، جن میں سے 1.60 لاکھ سے زائد آسامیاں پر کی گئیں۔

پارٹی کا نام تبدیل کریں۔ کویتا کو الیکشن کمیشن کا مکتوب

حیدرآباد۔ 4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) کلوا کنٹلہ کویتا کی جانب سے قائم سیاسی جماعت "تلنگانہ رکشنا سینا کے نام پر بڑی تعداد میں اعتراضات اور شکایات موصول ہونے کا الیکشن کمیشن نے انکشاف کیا ہے۔ اس کے پیش نظر الیکشن کمیشن نے کویتا کو متبادل نام تجویز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اس سلسلے میں مرکزی الیکشن کمیشن نے انہیں ایک باضابطہ مکتوب بھی ارسال کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق کلوا کنٹلہ کویتا کی جانب سے قائم کی گئی سیاسی جماعت "تلنگانہ رکشنا سینا کے نام پر عوام کی جانب سے شدید اعتراضات سامنے آنے کے بعد مرکزی الیکشن کمیشن نے پارٹی کو نام تبدیل کرنے کی ہدایت جاری کی ہے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا ہے کہ اگر 15 دنوں کے اندر تین متبادل نام تجویز نہیں کیے گئے تو پارٹی کی رجسٹریشن کے لیے دی گئی درخواست کو بند کر دیا جائے گا۔ دوسری جانب تلنگانہ رکشنا سینا نے الیکشن کمیشن کے خط کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں کمیشن کی جانب سے صرف دو اعتراضات سے آگاہ کیا گیا ہے۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ باقی اعتراضات کی تفصیلات بتائے بغیر متبادل نام تجویز کرنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے۔ تلنگانہ رکشنا سینا نے واضح کیا ہے کہ اگر ضرورت پڑی تو پارٹی کے نام کے معاملے پر قانونی جنگ بھی لڑی جائے گی۔

عمرہ کو جانے والے خاندان کے گھر میں چوری کا معمہ حل

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) حبیب نگر پولیس عمرہ کو جانے والے خاندان کے گھر میں چوری کے مقدمے میں تین افراد کو گرفتار کرلیا۔ اس واردات میں 16 لاکھ روپے نقد اور 13.5 تولہ سونا چوری کیا گیا تھا۔ 23 جون کو شکایت کنندہ شیخ رحمان محی الدین ساکن حبیب نگر نالہ نے پولیس سے رجوع کرتے ہوئے شکایت درج کروائی تھی کہ ان کے چھوٹے بھائی شیخ اکبر محی الدین کے گھر میں چوری ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چوری ہونے والا سونا اور نقد رقم ان کی بھتیجی کی شادی کے لیے رکھی گئی تھی۔ شکایت کی بنیاد پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کیا۔ سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا جائزہ لیا گیا سائنسی شواہد جمع کیے گئے فنگر پرنٹس کی جانچ کی گئی اور مقامی سطح پر تفتیش کر کے ملزمین کی شناخت کی گئی۔ گرفتار ملزمین کی شناخت محمد یونس (35 سال)، پولے سندیپ (37 سال) اور شیخ رمیز (23 سال) کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزمین کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والی ایک موٹر سائیکل بھی ضبط کر لی اور چوری شدہ سونا اور نقدی برآمد کر لی۔ پولیس نے بتایا کہ چوری کے واقعہ میں متاثرہ شخص کے بھائی کا بیٹا رمیز ملوث ہے اس نے ہی یہ واردات اپنے ساتھیوں کیساتھ ملکر انجام دی۔

حیدرآباد میں نقلی آرمی آفیسر گرفتار

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) شادی کرنے کا وعدہ کر کے ایک نوجوان خاتون کا جنسی استحصال کرنے اور اس سے رقم وصول کرنے والے نقلی آرمی آفیسر کو حیدرآباد میں گرفتار کرلیا گیا۔ ناگول پولیس نے بتایا کہ شامیر پیٹ کے گووردھن (29 سال) نے سوشل میڈیا کے ذریعے ناگول کے آنند نگر کی ایک نوجوان خاتون سے دوستی کی۔ اس نے خود کو فوج کا افسر ظاہر کرتے ہوئے مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ نقل تصاویر تیار کیں اور خاتون کا اعتماد حاصل کیا۔ نجعان نے شادی کا وعدہ کیا اور وہ دونوں شادی کے بغیر ساتھ رہنے لگے۔ بعد ازاں اس نے یہ کہہ کر کہ اس کے والد شدید بیمار ہیں متاثرہ خاتون سے بڑی رقم حاصل کر لی۔ جب خاتون کو دھوکے کا علم ہوا اور اس نے اس سے سوال کیا تو ملزم نیاس سے رابطہ ختم کر دیا اور اسے دھمکیاں بھی دیں۔ پولیس کی تفتیش میں یہ بھی معلوم ہوا کہ ملزم پہلے سے شادی شدہ ہے۔ مزید یہ کہ گزشتہ سال اس نے الوال کی ایک اور خاتون کو بھی اسی طریقے سے دھوکہ دیا تھا۔ اس مقدمے میں وہ گرفتار ہو کر جیل جا چکا تھا بعد ازاں ضمانت پر رہا ہونے کے بعد اس نے دوبارہ اسی نوعیت کی دھوکہ دہی کی۔ ملزم کو عدالتی تحویل میں دے دیا گیا ہے۔

محکمہ موسمیات نے تلنگانہ کے 4 اضلاع کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) محکمہ موسمیات نے ہفتہ کے روز تلنگانہ کے چار اضلاع کے لیے اورنج الرٹ جاری کرتے ہوئے پیش گوئی کی ہے کہ شمال مغربی خلیج بنگال اور اس سے ملحق شمالی اوڈیشہ اور مغربی بنگال کے ساحلی علاقوں پر قائم واضح کم دباؤ کے باعث آئندہ دو دنوں کے دوران ریاست بھر میں بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ایک بیان میں کہا کہ ہفتہ کے روز جے شنکر بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کوتھا گوڈیم اور کھم اضلاع میں بعض مقامات پر شدید سے انتہائی شدید بارش ہوسکتی ہے۔ اسی طرح کومرم بھیم آصف آباد، منچریال، پدا پلی، کریم نگر، ورنگل، ہنمکنڈہ، محبوب آباد، سوریہ پیٹ اور کاماریڈی اضلاع کیلئے یلو الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے، جہاں بعض مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ ہفتہ کے روز تلنگانہ کے تمام اضلاع میں مختلف مقامات پر گرج چمک، آسمانی بجلی اور 50 سے 60 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہواں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ اتوار کے روز عادل آباد، کومرم بھیم آصف آباد، نرمل، منچریال، نظام آباد، جگتیال، سنگاریڈی، میدک اور کاماریڈی اضلاع میں بعض مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ اس دوران ریاست بھر میں گرج چمک، آسمانی بجلی اور 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کی بھی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ موجودہ موسمی صورتحال کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے، مقامی سطح پر سیلاب، ٹریفک میں رکاوٹ، حد نگاہ کم ہونے اور کچی سڑکوں کو معمولی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ محکمے نے کمزور عمارتوں کو نقصان، حساس علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ، باغات اور کھڑی فصلوں کے زیر آب آنے، نیز بعض آبی ذخائر کے علاقوں میں دریائی سیلاب کے خطرے سے بھی آگاہ کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے عوام کو احتیاط برتنے اور شدید بارش، گرج چمک اور آسمانی بجلی کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

کوکٹ پلی میں فرنیچر کے شوروم لگی بھیانک آگ، قابو پانے کیلئے لگے کئی گھنٹے

حیدرآباد۔4/ جولائی (سفیر نیوز/صدائے حسینی) شہر کے کوکٹ پلی علاقے میں واقع فرنیچر فیوژن شوروم میں جمعہ کی رات اچانک زبردست آگ بھڑک اٹھی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ آگ کے ساتھ اٹھنے والا گھنا دھواں دور دور تک دکھائی دیا۔ مقامی لوگوں نے شوروم سے آگ کے شعلے اور دھواں نکلتا دیکھ کر فورا فائر بریگیڈ کو اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی کئی گاڑیاں موقع پر پہنچیں اور کئی گھنٹوں کی مسلسل کوشش کے بعد آگ پر قابو پا لیا۔ خوش قسمتی سے اس واقعے میں کوئی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی، کیونکہ آگ لگنے کے وقت شوروم بند تھا اور اندر کوئی موجود نہیں تھا۔ ابتدائی طور پر آگ لگنے کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی ہے۔

ملک میں اتحاد، مذہبی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ پر زور

جے بھارت مسلم ریولیوشنری فورم کے اتحاد ماہانہ مذاکرہ سے مولانا سید تقی رضا عابدی و دیگر کا خطاب

حیدرآباد۔ / 4 جولائی (رپورٹر باقر علی (جے بھارت مسلم ریولیوشنری فورم (JMRF) کے زیر اہتمام 7 ویں "اتحاد ماہانہ مذاکرہ (ITTEHAD Monthly Talks 7) " تقریب کا 3 جولائی بروز جمعہ کو جے بھارت ہیڈ کوارٹر، ایل بی نگر حیدرآباد میں کامیاب انعقاد عمل میں آیا۔ اس مذاکرے کا مقصد مسلمانوں میں جدید، سیکولر، لبرل، انصاف پسند، نفرت سے پاک اور اصلاحی فکر کو فروغ دینا، نیز ہندو۔ مسلم اتحاد، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کو مضبوط بنانا تھا۔ تقریب میں حجۃ الاسلام مولانا سید تقی رضا عابدی صاحب صدر تنظیم جعفری حیدرآباد و رکن حج کمیٹی تلنگانہ نے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے باہمی اتحاد، مذہبی ہم آہنگی، سماجی انصاف اور قومی یکجہتی کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نفرت، تعصب اور عدم برداشت کے خاتمے کے لیے مختلف مذاہب اور طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد کو مشترکہ طور پر کام کرنا ہوگا۔ مولانا نے ہندوستان کی تحریکِ آزادی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جس طرح مہاتما گاندھی، اشفاق اللہ خان، بھگت سنگھ جیسے تمام مزاہب سے تعلق رکھنے والے مجاہدینِ آزادی نے مذہب سے بالاتر ہو کر انگریزوں کے خلاف جدوجہد کی اور بے مثال قربانیاں پیش کر کے ملک کو آزادی دلائی، اسی جذبِ اتحاد اور یکجہتی کی آج بھی ضرورت ہے تاکہ ملک دشمن اور نفرت پھیلانے والی طاقتوں کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے اور ملک میں امن، بھائی چارہ اور قومی یکجہتی کو فروغ ملے۔ پروگرام سے جے بھارت کے قومی جنرل سکریٹری جناب وجئے وہارام رامن مورتی، جناب میر عنایت علی باقری ورکنگ پریزیڈنٹ ہندوستانی گو رکشا سمیتی، جے بھارت مسلم ریولیوشنری فورم کے قومی شریک کنوینر جناب سید عبدالرحمٰن خدیگناسی، جناب سلیم، راحل خان، جے بھارت کے قومی سکریٹری لوکناتھ، جناب امجد علی خان شہباز (صدر مہدویہ قومی مومنٹ) اور محترمہ رافعہ قیومی (صدر، گلوبل ٹچ فاؤنڈیشن) نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں ہندو۔ مسلم اتحاد، باہمی احترام، مذہبی رواداری، بھائی چارے اور قومی ہم آہنگی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور استحکام کے لیے تمام طبقات کو باہمی تعاون اور یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ اس موقع پر شرکا نے "جئے ہو، جئے ہو، ہندو مسلم ایک ہو" کے نعرے بھی بلند کیے۔ پروگرام میں مولانا خیر الدین صوفی صاحب، جناب میر نقی علی موسوی جنرل سکریٹری تنظیم جعفری حیدرآباد جناب شکیل محمود نائب صدر گلوبل ٹچ فاؤنڈیشن، محترمہ سیدہ قیصر سمیت ہندو، مسلم اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ پروگرام کے اختتام پر ملک سے فرقہ وارانہ نفرت کے خاتمے، شہری حقوق کے تحفظ، حب الوطنی کے فروغ، سماجی اصلاح اور قومی ترقی کے لیے مشترکہ جدوجہد کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اتحاد، انصاف، مساوات اور باہمی احترام ہی ایک مضبوط، پرامن اور ترقی یافتہ ہندوستان کی ضمانت ہیں۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیٹائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔